# 34518 ـ گھوم پھر کر کام کرنے والے ملازم کا ڈیوٹی ٹائم ختم ہونے میں آدھ گھنٹہ باقی رہ جائے تو کیا وہ کام پر واپس جائے؟

### سوال

اس ملازم کا ڈیوٹی کے آخر میں کام والی جگہ پر جانے کا حکم کیا ہے جو گھوم پھر ایك كام كرتا ہے، وہ اس طرح کہ بعض اوقات ڈیوٹی ختم ہونے میں نصف گھنٹہ باقی رہ جاتا ہے، تو اگر وہ اپنے دفتر واپس جائے تو اس کا یہ وقت وہاں جانے تك ہی صرف ہونے کی بنا پر ڈیوٹی ٹائم ختم ہو جاتا ہے، تو کیا اس حالت میں اس کے لیے گھر جانا جائز ہے، یا اسے کیا کرنا چاہیے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس میں کوئی شك و شبہ نہیں کہ ملازم سے مطلوب یہی ہے کہ وہ معاہدہ میں بیان کیے گئے ڈیوٹی ٹائم کو پورا کرے، اور اس میں سے صرف استثناء وہی ہے جس کی قضائے حاجت یا کام کی مصلحت کے لیے اجازت دی گئی ہو.

تو اس بنا آپ کو چاہیے کہ آپ کا کے ذمہ داران کو اس واقع اور حال سے مطلع کریں، اگر تو وہ آپ کو گھر جانے کی اجازت دے دیں تو بہتر، وگرنہ آپ کام کی جگہ پر ضرور واپس جائیں.

واللہ اعلم .